الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

Name :> **MUSHTAQ KHAN**
Address :> **darfour (SUDAN 0**
Subject :> **SWAB-GUNAH**
Writer :> راشد بشیر

Serial No :> **10365**
Fatwa No :>
Date :> **12/2/2010**
Email :>

kia looh-e-mafooz per har shakhs ke bare meh Allah ne tamam zindgi ke achey or brohi karney key bareh mey bee likh diya hey, kay yeh banda ayseeh ayseeh gonah kare gaah.kisi neeh kahaa ka ALLAH neh peelah sey aap kay kismat meah likh diya hay.If this is right where it is mentioned in quran or any where, please inform for my guaidance.

کیا لوحِ محفوظ پر ہر شخص کے بارے میں "اللہ نے تمام زندگی کی اچھائی اور برائی کرنے کے بارے میں بھی لکھ دیا ہے، کیا یہ بندہ ایسے ایسے گناہ کرے گا. کسی نے کہا کہ اللہ نے پہلے سے آپ کی قسمت میں لکھ دیا ہے. اگر یہ درست ہے تو قرآن یا کہیں اور میں کہاں پر اس کا ذکر ہے، مہربانی فرما کر میری رہنمائی فرمادیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً

تقدیر اللہ تعالیٰ کے علم اور اندازے کا نام ہے جو اس نے انسان کے پیدا ہونے سے پہلے لکھ دیا ہے کہ یہ شخص اتنا عرصہ تک جیئے گا" اور اپنے اختیار سے یہ، یہ کام کریگا اور یہ کچھ کھائے گا مگر اس لکھ دینے سے یہ مجبور نہیں ہوتا اور یہ علم اور اندازہ انسان سے پوشیدہ رکھا گیا ہے. اس لیے انسان اپنے اختیار سے عمل کرتا ہے اور کام نہ ہونے کی صورت میں پریشان بھی ہوتا ہے، چنانچہ جب انسان اپنے آپ کو مار دیتا ہے تو اسکی نسبت اسی کی طرف کی جاتی ہے اگرچہ وہ عمل اسی اندازے کے مطابق ہی ہوا ہو جو اللہ تعالیٰ نے پہلے سے اپنے پاس لکھ دیا ہے اور یہ تقدیر لکھے جانے کی بات احادیثِ مبارکہ میں موجود ہے

کما فی شرح العقائد النسفیۃ: وھی ای افعال العباد کلھا بارادتہ ومشیئتہ تعالیٰ وتقدس (۔۔۔) و قضیتہ (۔۔۔) وتقدیرہ وھو تحدید کل مخلوق بحدہ الذی یوجد من حسن وقبح ونفع وضور ومایحویہ من زمان او مکان ومایترتب علیہ من ثواب وعقاب (الی قولہ) قلنا انہ تعالیٰ اراد منھما الکفر والفسق باختیارھما فلاجبر الخ (ص ۸۲)۔

وفی العقیدہ الطحاویۃ: واصل القدر سر اللہ فی خلقہ لم یطلع علی ذلک ملک مقرب ولا نبی مرسل الی اخرہ (ص ۸)۔

(جاری ہے)

وفی الصحیح لمسلم : عن عبد اللہ بن عمرو بن العاص
قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول کتب
اللہ مقادیر الخلائق قبل ان یخلق السموات والارض
بخمسین الف سنۃ قال وعرشہ علی الماء (ص ۳۳۵ / ج ۲) -
وفی الترمذی نا عبد الواحد بن سلیم قال قدمت
مکۃ فقلت لہ یا ابا محمد ان اھل البصرۃ (الی قولہ)
انی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ان
اول ما خلق اللہ القلم فقال اکتب قال ما اکتب
قال اکتب القدر ما کان وما ھو کائن الی الابد
الحدیث (ص ۳۸ / ج ۲) ــــــ واللہ اعلم بالصواب
راشد بشیر عباسی عفی عنہ
دار الافتاء جامعۃ بنوریۃ کراچی ۱۲
۱۹ ربیع الاول ۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح
[illegible]
دار الافتاء جامعۃ بنوریہ کراچی
۲۲ ربیع الاول ۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح
عبد الشکور [illegible]
دار الافتاء جامعۃ بنوریۃ
۲۵ ربیع الاول ۱۴۳۲ھ

نائب رئیس دار الافتاء جامعۃ بنوریۃ العالمیۃ

رئیس دار الافتاء جامعۃ بنوریۃ

دار الافتاء
۱۰۳۶۵
۱۴۳۲/۳/۲۵

الازھری
2/3/11